علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ حدیث وعلوم حدیث)

وارننگ

عزیز طلبہ !آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی"مواد کی چوری Plagiarism "پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس کوڈ :اسلامک سٹڈیز(6475) -III **سمسٹر:خزاں:2026**

سطح: بی ایڈ

ہدایت نامہ برائے طلبہ

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔

1- تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ ہر سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2- سوالات کو توجہ سے پڑھیئے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجئے۔

3- ہاتھ سے تحریر شدہ سکین(Scanned)امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4- ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں(Word یا PDF فارمیٹ)میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل آپ لوڈ کریں۔

5- مقررہ تاریخ کے بعد/تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں آپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کی تمام تر ذمہ داری طالب علم پر ہو گی۔

6- آپ کے تجرباتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7- غیر متعلقہ بحث/معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجئے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

سوال نمبر1 ۔ اسلام اور ایمان کی تعریف کرتے ہوئے دین اسلام کی تعلیمات کے تاریخی پس منظر پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2 ۔ عقیدہ توحید کے تقاضے اور اس کے انسانی زندگی پر اثرات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3 ۔ عقیدہ رسالت کے بنیادی نکات پر نوٹ لکھیں ۔ (20)

سوال نمبر4 ۔ عقیدہ آخرت کامفہوم واضح کرتے ہوئے آخرت کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5 ۔ کتابوں پر ایمان کی وضاحت کرتے ہوئے قرآن حکیم کی خصوصیات پر نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر 2

سوال نمبر1 ۔ نماز کا معنی و مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی اہمیت پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2 ۔ زکوۃ کے مصارف اور اس کے نصاب پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3 ۔ حج کا مفہوم اور اس کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4 ۔ فرضیت زکوۃ کی شرائط پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر5 ۔ جہاد کا تعارف کراتے ہوئے اس کے مقاصد پر نوٹ لکھیں۔ (20)